Official Website:- https://www.adabikavish.com/ Email Id:- hilalalam74@gmail.com

# کاروان ادب یوٹیوب چینل، مراد آباد یوپی

نیٹ/جے آر ایف اُردو کے مکمل نصاب پر مبنی
او. ایم. آر. ٹیسٹ.2023

**OMR BASE TEST (02) -2023**
**18 Feb 2023**
**Time: 10:00am to 12:00pm**

[Question Paper Booklet]

نمبرات: 200 وقت: دو گھنٹے

## امیدواروں کے لیے ہدایت

1۔ یہ صرف پریکٹس ٹیسٹ ہے۔ اس کو اپنی پریکٹس کی غرض سے حل کریں۔

2۔ اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

3۔ امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

4۔ اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

5۔ غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

6۔ ٹیسٹ کے اختتام پر امیدوار کو اپنی جوابی OMR کی تصویر ہمارے واٹس ایپ نمبر پر 10 منٹ میں سینڈ کرنا ہوگی۔

7۔ ٹیسٹ میں معلوم کیے گئے سوالات کا اصل امتحان میں آنے کا ہم دعویٰ نہیں کرتے۔ اگر اس طرح کے سوالات آتے ہیں تو یہ محض ایک اتفاق ہوگا۔

8۔ اگر کوئی سوال غلط معلوم کیا گیا ہو تو اس کے نمبر کا دینے کا فیصلہ ہماری کاروان ادب ٹیم کرے گی۔

9۔ ٹیسٹ کی جوابی کلید اور رزلٹ دو سے تین دن بعد جاری کیا جائے گا۔

KARWAN E ADAB

☆☆☆

**Team Karwan E Adab :-** Dr. Tabassum Khan ( Assistant Professor, Govt. PG College Sheopur,M.P.)
Mohd Hilal Alam , (Mentor) Moradabad, UP.
Mahfooz Alam, (Research Scholar, MJPRU Bareilly)

1۔اچھے تو دیکھتا ملا خیالی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یومیں برتیا ہو سوصاحب کمالی
کس مثنوی نگار نے اپنی مثنوی کے متعلق یہ بات کہی ''اگر آج ملا خیالی زندہ ہوتا تو وہ میرے اس ادبی کارنامے کی ستائش کرتا''۔
(۱)ملاوجہی (۲)ملاغواصی (۳)نصرتی (۴)ابن نشاطی

2۔''تنقیدی نظریات''، کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
(۱)دو (۲)تین (۳)چار (۴)پانچ

3۔دارالترجمہ عثمانیہ کی نصاب کمیٹی کے چیئر مین کا نام بتائیں؟
(۱)عبدالرحمٰن خاں (۲)مولوی عبدالحق (۳)چودھری برکت علی (۴)سر اکبر حیدری

4۔دارالترجمہ عثمانیہ سے متعلق درست جوڑ ملائیں:
(الف)نصاب کمیٹی (i)وحیدالدین سلیم
(ب)انتظامی کمیٹی (ii)عبدالرحمٰن خاں
(ج)وضع اسطلاحات کمیٹی (iii)سر اکبر حیدری
(د)انجینیر نگ کمیٹی (iv)حبیب الرحمٰن خاں شروانی
(۱)الفii،بiv،جi،دiii (۲) الفiii،بiv،جii،دi
(۳)الفiii،بiv،جi،دii (۴)الفiv،بiii،جii،دi

5۔''ہم فن کاروں کو اپنے طبقے اور اپنے دور کا حقیقی نمائندہ ہونا چاہئے۔'' بقول؟
(۱)محمد حسن (۲)آل احمد سرور (۳)احتشام حسین (۴)شمس الرحمٰن فاروقی

6۔ڈرامہ نگار کی حیثیت سے دو زمرے درست ہیں؟
(الف)شوکت صدیقی،حالی
(ب)حبیب تنویر،محمد حسن
(ج)پریم چند،اختر الایمان
(د)محمد مجیب،امانت لکھنوی
(۱)الف اور ب (۲)ب اور ج (۳)ج اور د (۴)ب اور د

KARWAN E ADAB

7۔ناول نگار والے زمرے کی نشاندہی کیجیے؟
(الف)عبدالحلیم شرر،مرزا رسوا،عصمت چغتائی
(ب)سہیل عظیم آبادی،انشاءاللہ خاں،میر حسن
(ج)قرت العین حیدر،شوکت صدیقی،عبداللہ حسین
(د)پریم چند،کلیم عاجز،سریندر پرکاش
(۱)الف اور د (۲)الف اور ج (۳)ب اور د (۴)ج اور د

8۔ورودِ مسعود کے باب سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں؟

(الف)خموشی گفتگو کیا ہے، دہلی، رامپور

(ب)سرکاری خدمات، مذہبی خدمات، بدایوں

(ج)جامعہ ملیہ اسلامیہ، علی گڑھ، دیارِ فرنگ

(د)مرحوم دہلی کالج، کچھ غم جاناں کچھ غم دوراں

(۱)الف اور ج (۲)ج اور د (۳)ب اور د (۴)ب،ج،د

9۔اصفہان کی فتح کا ذکر کس کتاب میں ملتا ہے؟

(۱)حیات جاوید (۲)مسافرانِ لندن (۳)سفرنامہ روم ومصروشام (۴)الفاروق

10۔درج ذیل میں سے کس خودنوشت کو لکھنے کی فرمائش محمود وایاز نے کی تھی؟

(۱)خواب باقی ہیں (۲)قطب مشتری (۳)اس آباد خرابے میں (۴)ورودِ مسعود

11۔''منگل'' نام کا کردار کس ناول میں پیش کیا گیا ہے؟

(۱)امراؤجان ادا (۲)فائرایریا (۳)بستی (۴)ٹیڑھی لکیر

12۔درج ذیل میں سے غزل گو شعراء کا زمرہ تلاش کریں؟

(۱)میر، درد، پریم چند، مجاز

(۲)نظیر، شبلی، کلیم، غالب

(۳)انیس، محسن کاکوروی، سودا، حالی

(۴)شہریار، فراق، مجروح، شاد

13۔شعری مجموعوں سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:

(۱)شاد::ترانہ، نشتریاس، نغمۂ الہام

(۲)یگانہ::آیات وجدانی، چشمہ کوثر، یادحبیب

(۳)شہریار::شعلہ ساز، اسم اعظم، غالب شکن

(۴)فراق::نغمہ ساز، مشعل، روپ

KARWAN E ADAB

14۔ترقی پسند نظم نگاروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱)ساحر، کیفی اعظمی، احسان دانش، علی سردار جعفری

(۲)میراجی، ن م راشد، قیوم نظر، اقبال

(۳)اکبرالٰہ آبادی، شبلی، اختر شیرانی، چکبست

(۴)اختر الایمان، فیض، جوش، وحید اختر

15۔درج ذیل میں سے درست زمرہ تلاش کریں:

(الف) حب قومی، نالۂ درد، آوازہ قوم

(ب) صبح آزادی، رقیب سے، زنداں کی ایک شام

(ج) برق کلیسا، جلوۂ دربار دہلی

(د) نالۂ یتیم، صدائے درد، ہمدردری

(۱) زمرہ 'ب' میں جوش کی نظمیں ہیں　(۲) زمرہ 'الف' میں چکبست کی نظمیں ہیں

(۳) زمرہ 'ج' میں نظیر کی نظمیں ہیں　(۴) زمرہ 'د' میں فیض کی نظمیں ہیں

16۔درج ذیل میں درست زمرے کی نشاندہی کیجیے؟

(۱) قطب مشتری، سب رس :: سولہویں صدی

(۲) پھول بن، بکٹ کہانی :: سترہویں صدی

(۳) سحرالبیان، گلزار نسیم :: سترہویں صدی

(۴) کدم راؤ پدم راؤ، زہر عشق :: چودھویں صدی

17۔مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کس سن میں شائع ہوئی؟

1435(۱)　1937(۲)　1973(۳)　1939(۴)

18۔وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے؟

(۱) امانت لکھنوی، آغا حشر، حبیب تنویر، محمد حسن

(۲) امانت لکھنوی، حبیب تنویر، محمد حسن، آغا حشر

(۳) امانت لکھنوی، محمد حسن، آغا حشر، حبیب تنویر

(۴) امانت لکھنوی، آغا حشر، محمد حسن، حبیب تنویر

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

KARWAN E ADAB

19۔درج ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں:

(الف) قطب مشتری:: درصفت عشق گوید

(ب) پھول بن:: حکایت نقل روح

(ج) کدم راؤ پدم راؤ:: دربیان آواز دان ہاتف

(د) گلزار نسیم:: داستان تیاری میں باغ کی

(۱) الف اور ج صحیح ہیں　(۲) ب اور د صحیح ہیں　(۳) الف اور ب صحیح ہیں　(۴) ب اور ج صحیح ہیں

20۔درج ذیل میں درست زمرہ تلاش کریں:

(الف) سحرالبیان، درخوان نعمت

(ب) قطب مشتری، سب رس

(ج) گلزار نسیم

(د) کدم راؤ پدم راؤ

(۱) الف اور ب میں غواصی کی تصنیف　(۲) الف میں میر حسن اور ج میں نسیم کی تصنیف

(۳) ج اور د میں نصرتی کی تصنیف　(۴) ب اور ج میں ابن نشاطی کی تصنیف

21۔درج ذیل میں درست زمرہ تلاش کریں:

(الف)عقل، دل، حسن، زلف

(ب)شمسہ تاجدار، نو بہار، منیر توفیق

(ج)سورج بھان، سیدی بہار، خواجہ سرا

(د)مہر نگار، عیسیٰ، ماہ طلعت

(۱)'ب' میں باغ و بہار کے کردار ہیں (۲)'ج' میں فسانہ عجائب کے کردار ہیں

(۳)'د' میں بوستان خیال کے کردار ہیں (۴)'الف' میں سب رس کے کردار ہیں

22۔درج ذیل میں درست زمرہ تلاش کریں:

(الف)اردو پنجاب سے نکلی

(ب)اردو برج بھاشا سے نکلی

(ج)ہریانہ اردو کا مسکن ہے

(د)دہلی اور اس کے گردونواح اردو کی جائے پیدائش

(۱)'الف' میں سید سلیمان ندوی کا نظریہ (۲)'ب' میں محمد حسین آزاد کا نظریہ

(۳)'ج' میں نصیر الدین ہاشمی کا نظریہ (۴)'د' میں محمود شیرانی کا نظریہ

23۔ڈاکٹر محی الدین قادری زور کی مرتبہ کتاب 'اردو شہ پارے' کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(۱)دو (۲)تین (۳)چار (۴)پانچ

24۔ذیل میں دو زمرے درست ہیں:

(الف)قدیم ہند آریائی:: 1500 ق م سے 1000

(ب)جدید ہند آریائی:: 1000ء سے تا حال

(ج)وسطی ہند آریائی:: 500 ق م سے 1000

(د)جدید ہند آریائی:: 1000 ق م سے تا حال

(۱)'ب' اور 'ج' (۲)'الف' اور 'ج'

(۳)'ج' اور 'د' (۴)'الف' اور 'د'

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

KARWAN E ADAB

25۔ان میں درست جواب کی نشاندہی کیجئے:

(الف)برٹش انڈیا، ہندوستان، بٹوارہ، اختتامیہ

(ب)پریوں کا غول، پھروہی عالم عناصر، مردود ازلی

(ج)چوتھی فصل میں سلیم سے گفتگو

(د)ایک سو ایک ابواب پر مشتمل

(۱)'الف' میں اداس نسلیں کے باب کا ذکر (۲)'ب' میں امراؤ جان ادا کے باب کا ذکر

(۳)'ج' میں بستی کے باب کا ذکر (۴)'د' میں فسانہ آزاد کے باب کا ذکر

26۔ جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم
میں معتقد فتنۂ محشر نہ ہوا تھا
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(۱) لف ونشر (۲) مراعات النظیر (۳) حسن تعلیل (۴) تلمیح

27۔ خواہ تم پانو گھسو، یا کہ رکھو سر بہ سجو
بات پیشانی کی جو کچھ ہے خ سو پیش آنی ہے
یہ شعر باغ و بہار کے کس درویش کے قصے میں درج ہے؟
(۱) پہلے درویش (۲) دوسرے درویش (۳) تیسرے درویش (۴) چوتھے درویش

28۔ ذیل میں دوزمرے داستان کے اعتبار سے صحیح ہیں:
(الف) سب رس، فسانہ عجائب، باغ و بہار
(ب) بوستان خیال، خواب خیال، طلسم خیال
(ج) رانی کیتکی کی کہانی، کربل کتھا، بکٹ کہانی
(د) کربل کتھا، بوستان خیال، قصہ مہر افروز دلبر
(۱) 'الف' اور 'ب' (۲) 'ب' اور 'د'
(۳) 'الف' اور 'د' (۴) 'ب' اور 'ج'

29۔ ان میں درست جواب کی نشاندہی کیجئے:
(الف) باغ و بہار، گنج خوبی
(ب) فسانہ عجائب، فسانہ عبرت
(ج) رانی کیتکی کی کہانی، دریائے لطافت
(د) سب رس، قطب مشتری
(۱) 'الف' میں رجب علی بیگ سرور کی تصنیف (۲) 'ب' میں میرامن کی تصنیف
(۳) 'ج' میں انشاء اللہ خاں کی تصنیف (۴) 'د' میں میر اثر کی تصنیف

KARWAN E ADAB

30۔ درج ذیل میں درست جواب کی نشاندہی کیجئے:
(الف) نظیر، مجروح، کلیم عاجز، وجہی
(ب) شہریار، عرفان صدیقی، فانی، حسرت
(ج) شفیق فاطمہ، نصرتی، ولی، پریم چند
(د) ابن نشاطی، غواصی، عصمت، سجاد ظہیر
(۱) 'الف' میں نظم گو شعراء ہیں (۲) 'ب' میں غزل گو شعراء ہیں
(۳) 'ج' میں افسانہ نگار ہیں (۴) 'د' میں داستان گو ہیں

31۔ کس صنف کو "جیبی نگار خانہ" (Pocket Theater) کہا گیا؟
(۱) داستان (۲) مثنوی (۳) انشائیہ (۴) ناول

32۔درج ذیل میں درست زمرہ کی نشاندہی کیجئے:

(الف) قصہ، پلاٹ، کردارنگاری، مکالمہ نگاری

(ب) تشبیب، گریز، مدح، دعا

(ج) چہرہ، سراپا، رخصت، آمد، رجز، شہادت، بین،

(د) پلاٹ، کردار، ماحول، آغاز واختتام، وحدت تاثر

(۱) زمرہ 'الف' ڈرامہ سے متعلق ہے　(۲) زمرہ 'ب' مثنوی سے متعلق ہے

(۳) زمرہ ج' مرثیہ سے متعلق ہے　(۴) زمرہ 'د' ناول سے متعلق ہے

33۔درج ذیل میں درست زمرہ کی نشاندہی کیجئے:

(الف) غزل، نظم، مرثیہ، مثنوی، قصیدہ

(ب) سوانح، خودنوشت، خطوط، انشائیہ

(ج) ناول، داستان، افسانہ، ڈرامہ

(د) فورٹ ولیم کالج، دہلی کالج، دبستان لکھنؤ

(۱) زمرہ 'ب' شعری اصناف سے ہے　(۲) زمرہ 'ج' افسانوی ادب سے ہے

(۳) زمرہ 'الف' غیرافسانوی نثر ہے　(۴) زمرہ 'د' اصلاح زبان سے ہے

34۔اصلاح زبان کی تحریک سے متعلق درست زمرہ کی نشاندہی کیجئے:

(۱) اصلاح زبان ایہام گوئی کا ردعمل ہے

(۲) اصلاح زبان کے حوالے سے سب سے بڑا کام رشید حسن خاں کا ہے

(۳) متروک الفاظ اوران کے متبادل مانوس الفاظ کی فہرست ناسخ نے مرتب کی

(۴) عربی وفارسی الفاظ کوصحت املا کے ساتھ لکھنے کی تاکید مظہر جان جاناں نے کی

35۔درج ذیل میں درست زمرہ کی نشاندہی کیجیے:

(الف) خان آرزو، آبرو، مضمون، یک رنگ

(ب) حفیظ الدین احمد، خلیل علی خاں اشک، مولوی اکرام علی

(ج) عزیز احمد، خواجہ احمد عباس، کرشن چندر

(د) مولوی مملوک علی، بھیروں پرشاد، مولوی سبحان بخش

(۱) 'الف' اصلاح زبان سے اور 'ج' ترقی پسند تحریک سے　(۲) 'ج' دہلی کالج سے اور 'ب' دارالترجمہ عثمانیہ سے

(۳) 'الف' ایہام گو سے اور 'ب' ترقی پسند تحریک سے　(۴) 'ب' فورٹ ولیم کالج سے اور 'د' دہلی سے

KARWAN E ADAB

36۔ذیل میں درست زمرہ تلاش کریں:

(۱) حلقہ ارباب ذوق:: ن م راشد، قیوم نظر، عمیق حنفی

(۲) دبستان دہلی:: وجہی، ولی، سودا، حالی

(۳) جدیدیت:: شاد، شہریار، شمس الرحمٰن فاروقی

(۴) علی گڑھ تحریک:: شبلی، نذیر احمد، محمد حسن، عزیز احمد

This Test Presented by Karwan-E-Adab

37۔ذیل میں درست زمرہ کی نشاندہی کیجیے:

(۱)شہرآشوب میں جلی کٹی سنائی جاتی ہیں

(۲)قطعہ میں کم از کم چار شعر ہوتے ہیں

(۳)رباعی میں چوبیس اوزان ہوتے ہیں

(۴)ریختی میں شہر کی بربادی کا حال بیاں ہوتا ہے

38۔درج ذیل میں دو زمرے درست ہیں:

(الف)بستی::شوکت صدیقی، خدا کی بستی::انتظار حسین

(ب)آگ کا دریا::قرۃالعین، توبتہ النصوح::ندیر احمد

(ج)ایک چادر میلی سی::عصمت، ٹیڑھی لکیر::بیدی

(د)اداس نسلیں::عبداللہ حسین، فائر ایریا::الیاس احمد گدی

(۱)الف اور ب (۲)ب اور ج (۳)ج اور د (۴)ب اور د

39۔وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب بتائیں:

(۱)کلیم الدین احمد،محمد حسن،شمس الرحمٰن فاروقی،گوپی چند نارنگ

(۲)محمد حسن،کلیم الدین احمد،گوپی چند نارنگ،شمس الرحمٰن فاروقی

(۳)گوپی چند نارنگ،کلیم الدین احمد،محمد حسن،شمس الرحمٰن فاروقی

(۴)کلیم الدین احمد،گوپی چند نارنگ،محمد حسن،شمس الرحمٰن فاروقی

40۔شمس الرحمٰن فاروقی کوحکومت ہند نے پدم شری کا انعام کس سن میں دیا؟

(۱)1996 (۲)2020 (۳)2009 (۴)2012

41۔ڈرامہ یہودی کی لڑکی کے کرداروں سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:

(۱)نرگس::کرامت کی محبوبہ (۲)رحیم کریم::سرخاب کے ملازم

(۳)بروٹس::حنا کا بھائی (۴)نصیبن::شمشاد کی معشوقہ

KARWAN-E-ADAB

42۔واردات میں شامل افسانوں کا درست زمرہ تلاش کریں:

(۱)جوگیا،دل کا چراغ،ببل،گل نغمہ (۲)گولی،خورشٹ،باسط،شاردا

(۳)شانتی،روشنی،مالکن،نئی بیوی (۴)سفر میں،لحاف،جنازے،میرا بچہ

43۔افسانوں کے کرداروں سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:

(۱)معمار::سعید،مولا بخش،انور (۲)فیصلہ::سلیم،حامد،رادھا

(۳)ناگن::موہنا،چھٹن میاں،آزاد (۴)سرکشی::گل بانو،موتی لال،سیٹھ سلمانی

44۔''سعید کمالی'' کس افسانے کا کردار ہے؟

(۱)یہ غازی یہ پراسرار بندے (۲)فیصلہ (۳)خدا کی دین (۴)سایہ شجر

45۔ان میں سے کس افسانوی مجموعے کا انتساب ''آل احمد سرور'' کے نام ہے؟

(۱)اپنے دکھ مجھے دے دو (۲)چوٹیں (۳)ایک لڑکی (۴)روشنی کی رفتار

46۔درج ذیل افسانہ نگاروں کی وفات کے اعتبار سے زمانی ترتیب بتائیں:

(۱)خواجہ احمد عباس،غیاث احمد گدی،سہیل عظیم آبادی،سریندر پرکاش

(۲)سہیل عظیم آبادی،غیاث احمد گدی،خواجہ احمد عباس،سریندر پرکاش

(۳)سہیل عظیم آبادی،خواجہ احمد عباس،غیاث احمد گدی،سریندر پرکاش

(۴)غیاث احمد گدی،سہیل عظیم آبادی،،خواجہ احمد عباس،سریندر پرکاش

47۔''دھونی'' کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(۱)بھرت منی (۲)شنکک (۳)آنندوردھن (۴)ابھنیو گپت

48۔درج ذیل میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(الف)محمد حسین آزاد،نیاز فتح پوری،مہدی افادی،فراق گورکھپوری

(ب)اختر حسین رائے پوری،احتشام حسین،سجاد ظہیر،عزیز احمد

(ج)شبلی،مہدی افادی،اثر لکھنوی،محمد حسن عسکری

(د)وزیر آغا،شمس الرحمٰن فاروقی،گوپی چند نارنگ

(۱)'الف' میں مارکسی نقاد ہیں (۲)'ج' میں جمالیاتی نقاد ہیں (۳)'ب' میں ہیئتی نقاد ہیں (۴)'د' میں تاثراتی نقاد ہیں

49۔درج ذیل میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(الف)گیان چند جین،کلیم الدین احمد،شکیل الرحمٰن،محی الدین قادری زور

(ب)حالی،جمیل جالبی،گیان چند جین،شبلی

(ج)قاضی عبدالودود،رشید حسن خاں،امتیاز علی عرشی،مولوی عبدالحق

(د)امداد امام اثر،آل احمد سرور،احتشام حسین،وزیر آغا

(۱)'د' میں محقق ہیں (۲)'ب' میں نقاد ہیں (۳)'الف' میں غزل گو ہیں (۴)'ج' میں محقق ہیں

KARWAN E ADAB

50۔درج ذیل میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(الف)تنقیدی جائزے،ادب اور سماج،تنقیدی نظریات،افکار و مسائل

(ب)عملی تنقید،سخن ہائے گفتنی،قدیم مشرقی تنقید،فکر و فن

(ج)پرکھ اور پہچان،دانشور اقبال،غالب چند پہلو،ذوق و جنوں

(د)اقبال کا فن،جدیدیت کے بعد،نئے تناظر،معنی اور تناظر

(۱)'ب' میں کلیم الدین احمد کی تصنیف (۲)'الف' میں احتشام حسین کی تصنیف

(۳)'ج' میں آل احمد سرور کی تصنیف (۴)'د' میں کلیم الدین احمد کی تصنیف

51۔''تنقیدی تھیوری کے سو سال'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) گوپی چند نارنگ (۲) مجنوں گورکھپوری (۳) وزیر آغا (۴) شمس الرحمٰن فاروقی

52۔خوشی ہے کیا کسی آوارۂ وطن کے لئے
بہار آئی تو آیا کرے چمن کے لئے
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(۱) شہریار (۲) چکبست (۳) عرفان صدیقی (۴) کلیم عاجز

53۔''بیان شکار کردن و سیر کردن'' کس مثنوی کا عنوان ہے؟

(۱) قطب مشتری (۲) پھول بن (۳) کدم راؤ پدم راؤ (۴) گلزار نسیم

54۔ذیل میں دو زمرے ایک ہی شاعر کے شعر کی حیثیت سے صحیح ہیں:

(الف) سب کو اپنے اپنے دکھ ہیں سب کو اپنی اپنی پڑی ہے
اے دل غم گیں تیری کہانی کون سنے گا کس کو سنائیں

(ب) بس ایک نقطہ فرضی کا نام ہے کعبہ
کہاں کے دیر و حرم، گھر کا راستا ملا

(ج) عشق ہی سعی مری عشق ہی حاصل میرا
یہی منزل ہے یہی جادۂ منزل میرا

(د) نام وہ جاتا ہے ورنہ دہر میں کس کو ثبات
آج دنیا میں کہاں ہیں رستم وافراسیاب

(۱) الف اور د (۲) الف اور ج (۳) ب اور د (۴) ج اور د

55۔کی وفا ہم سے تو غیر اس کو جفا کہتے ہیں
غالب کے اس شعر کو مکمل کیجئے:

(۱) اور پھر کون سے نالے کو رسا کہتے ہیں
(۲) ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں
(۳) آگ مطلوب ہے ہم کو جو ہوا کہتے ہیں
(۴) اس کی ہر بات پہ ہم نام خدا کہتے ہیں

KARWAN E ADAB

56۔''سید علی محمد'' کس شاعر کا اصل نام تھا؟

(۱) نظیر اکبر آبادی (۲) حسرت موہانی (۳) کلیم عاجز (۴) شاد عظیم آبادی

57۔درج ذیل میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(الف) فروزاں، سرود زندگی، نشاط روح، سخن مختصر
(ب) سروش مستی، فروغ ہستی، نغمہ الہام، مے خانۂ الہام
(ج) نشتر یاس، آیات وجدانی، ترانہ، شہرت کاذبہ
(د) کجکول، مشعل جاں، نغمہ نما، حیات فردا

(۱) الف اور ب (۲) ب اور ج (۳) ج اور د (۴) ب اور د

58۔شہر یار کے شعری مجموعوں سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:
(۱) ابھی سن لو مجھ سے، وہ جو شاعری کا سبب ہوا، کوچۂ جاناں جاناں، جب فصل بہار آئی تھی
(۲) سات سماوات، عشق نامہ، ہوائے دشت ماریہ، کینوس
(۳) ساتواں در، ہجر کے موسم، اسم اعظم، دھند کی روشنی
(۴) نیند کی کرچیں، مجلس ادب، شب درمیاں، کینوس

59۔مجروح سلطانپوری کے متعلق درست جواب کی نشاندہی کیجیے:
(الف) مجروح کا تعلق حلقۂ ارباب ذوق سے تھا
(ب) مجروح کا نام اسرار احمد تھا
(ج) مجروح کی ولادت اعظم گڑھ میں ہوئی
(د) غزل اور مشعل جاں مجروح کے شعری مجموعے ہیں
(۱) ج اور د (۲) ب، ج، د (۳) الف، ج، د (۴) الف، ب، ج

60۔مومن خاں مومن سے متعلق درست جواب تلاش کریں:
(الف) مومن کی شاعری کو 'مکر شاعرانہ' کا نام ضیا احمد بدایونی نے دیا
(ب) شیفتہ، وحشت، میر حسن مومن کے شاگرد تھے
(ج) مومن کو مسیحیِٔ نفس، حکیم بے نظیر، شاعر بے عدیل، سعادت خاں ناصر نے کیا
(د) مومن کی غزلوں کا دائرہ غم واندوہ میں ڈوبا ہوا ہے
(۱) الف اور ب (۲) ب، ج، د
(۳) الف، ب، ج (۴) الف، ج، د

61۔نظم سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:
(۱) شکست زنداں کا خواب۔۔۔شعلہ وشبنم
(۲) جنگل کی شہزادی۔۔۔شعلہ وشبنم
(۳) کسان۔۔۔رامش ورنگ
(۴) یادیں۔۔۔روح ادب

KARWAN E ADAB

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

62۔اختر الایمان کے شعری مجموعوں کی نشاندہی کیجیے:
(۱) آب جو، سرو دفروش، تین رنگ، گل تر
(۲) سب رنگ، بنت لمحات، سروساماں، گرداب
(۳) نیا آہنگ، فکر ونشاط، عرش وفرش، الہام وافکار
(۴) تلخیاں، تاریک سیارہ، روح ادب، مجلس ادب

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

63۔وہ پھر سماج نے دو پیار کرنے والوں کو
سزا کے طور پہ بخشی طویل تنہائی
یہ شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟
(۱) تاج محل (۲) تنہائی (۳) گریز (۴) صبح آزادی

64۔نظم اور نظم نگار کی حیثیت سے دوزمرے تلاش کریں:
(الف) آثار سلف، چکلے::اسماعیل میرٹھی
(ب) شعاع امید، ساقی نامہ::اقبال
(ج) صبح آزادی، گریز::حالی
(د) خاک ہند، رامائن کا ایک سین::چکبست
(۱)الف اور ب (۲)ب اور د (۳)ج اور د (۴)ب اور ج

65۔لیتا نہ اگر دل تمہیں دیتا کوئی دم چین
کرتا جو نہ مرتا کوئی دن آہ و فغاں اور
یہ شعر مرزا غالب۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟
(۱)قصیدے سے ہے (۲)غزل سے ہے (۳)مرثیہ سے ہے (۴)مثنوی سے ہے

66۔ریڈیو فیچر سے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:
(الف)فیچر کا اختتام غیر دلچسپ ہونا چاہیے
(ب)اختصار یعنی جامعیت فیچر کی روح ہے
(ج)فیچر میں موضوع کے ساتھ ساتھ سرخی کو بھی دلچسپ ہونا چاہیے
(د)فیچر میں تازگی کا عنصر لازمی ہے
(۱)الف، ب، ج (۲)ب، ج، د (۳)الف، ج، د (۴)الف، ب، د

67۔ذیل میں دوزمرے درست ہیں:
(الف) رپورتاژ کا معنی ہے جوابی نغمہ
(ب)اداریئے میں ہمیشہ 'ہم'، ہماری رائے، ہمارے خیال میں'' جیسے الفاظ ہی استعمال ہوتے ہیں
(ج) پیروڑی صرف نثر میں ہوتی ہے
(د) کالم انفرادی صحافت کا نمونہ ہے
(۱)الف اور ج (۲)ب اور ج (۳)ب اور د (۴)ج اور د

KARWAN E ADAB

68۔درج ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں:
(الف) ہائکو::جاپانی۔تین مصرعے۔سترہ ارکان
(ب) ترائلے::فرانسیسی۔آٹھ مصرعے
(ج) چہاربیت::ترکی۔سات مصرعے
(د) گیت::جو گایا نہ جاسکے وہ گیت ہے
(۱)ب اور ج (۲)ب اور د (۳)الف اور د (۴)الف اور ب

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

69۔''شام شعر یاراں'' کس کی تصنیف ہے؟
(۱)فیض احمد فیض (۲)احمد جمال پاشا (۳)کیفی اعظمی (۴)مشتاق احمد یوسفی

70۔سر سید احمد خاں کے مضامین کا زمرہ تلاش کریں:
(ا) اپنی مدد آپ، آمد میں آورد، علوم کی بد نصیبی، ظرافت
(۲) مخالفت، وطنی آرزو، علم کی کرن، سراب حیات
(۳) خوشامد، اخلاق، ترقی علوم، انسان کے خیالات
(۴) نیچر، آوازہ قوم، مسلمانوں کی بدحالی، مذہب

71۔موت اور زیست کی گردش نے کتنوں کو بڑا کتنوں کو چھوٹا کتنوں کو یکساں کر دیا۔کسی نے ٹھیک کہا ہے، موت سے زیادہ ہم سطح کر دینے والی دوسری کوئی شے نہیں۔اس 30-35 سال میں ہم سے قریب ہم سے دور ہمارے لائے ہوئے کیسے کیسے انقلابات برپا ہوئے۔نوجوانوں کی کتنی نسلیں اس ادارے سے نکلیں اور زندگی کے چھوٹے بڑے محاربوں میں فتح وشکست سے کس کس طرح دوچار ہوئیں یا ہیں۔ان سب کو کیسے اور کہاں تک یاد میں سمیٹوں۔
یہ اقتباس کس سے لیا گیا ہے؟
(ا) نام دیومالی (۲) نذیر احمد کی کہانی (۳) کندن (۴) ورود مسعود

72۔مرزا فرحت اللہ بیگ نے ''نذیر احمد کی کہانی کچھ میری کچھ ان کی زبانی'' کس کی فرمائش پر لکھا؟
(ا) محمود وایاز (۲) مولوی عبدالحق (۳) رشید حسن خاں (۴) نذیر احمد

73۔''شیر محمد خان'' کس کا اصل نام تھا؟
(ا) احمد جمال پاشا (۲) مجتبیٰ حسین (۳) مشتاق احمد یوسفی (۴) ابن انشا

74۔احمد جمال پاشا کے مضمون ''کپور کا فن'' میں کن کن نقادوں کی طرز بیان کی گئی ہے؟
(ا) احتشام حسین، کلیم الدین احمد، عبادت بریلوی، رشید احمد صدیقی
(۲) محمد حسن، کلیم الدین احمد، قاضی عبدالودود، فراق گورکھپوری
(۳) آل احمد سرور، احتشام حسین، حالی، امداد امام اثر
(۴) محمد حسین آزاد، مجنوں گورکھپوری، کلیم الدین احمد، عبادت بریلوی

75۔''لو صاحب، وہ مرزا رجب بیگ مرے۔ان کی تعزیت آپ نے نہ کی۔شعبان بیگ پیدا ہوگئے۔کل ان چھٹی ہوگئی، آپ شریک نہ ہوئے۔''
غالب نے یہ خط کس کے نام لکھا تھا؟
(ا) علاءالدین احمد خاں (۲) یوسف مرزا (۳) مرزا حاتم علی مہر (۴) امین الدین خاں

KARWAN-E ADAB

76۔کنہیالال کپور کا مضمون ''غالب جدید شعراء کی مجلس میں'' کس مجموعے میں شامل ہے؟
(ا) جنگ ورباب (۲) بال و پر (۳) سنگ وخشت (۴) نرم گرم

77۔لغت کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:
(ا) لبادہ، لبرل، لبھانا، لباس
(۲) لبادہ، لباس، لبرل، لبھانا
(۳) لباس، لبھانا، لبادہ، لبرل
(۴) لبھانا، لبرل، لباس، لبادہ

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

78۔درج ذیل میں دوزمرے لغت کے اعتبار سے درست ہیں:

(الف)مقابلہ،مقام،مقبول،مقاصد

(ب)مفت،مفاد،مفاصل،مفاسد

(ج)مفاد،مفاسد،مفاصل،مفت

(د)مقابلہ،مقاصد،مقام،مقبول

(۱)الف اور ب (۲)ب اور د (۳)ج اور د (۴)الف اور د

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

79۔لغت کے اعتبار سے 'ے' سے 'الف' کی طرف نشاندہی کیجیے:

(۱)تبادلہ،تبدیل،تباہی

(۲)تباہی،تبدیل،تبادلہ

(۳)تبادلہ،تباہی،تبدیل

(۴)تبدیل،تباہی،تبادلہ

80۔ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں:

(الف)آب حیات۔محی الدین قادری زور (ب)پنجاب میں اردو۔محمود شیرانی

(ج)دکن میں اردو۔نصیرالدین ہاشمی (د)لسانی جائزے۔مولوی عبدالحق

(۱)الف اور ب (۲)ب اور ج (۳)الف اور د (۴)ج اور د

81۔۔85۔نیچے ایک پیراگراف دیا ہے اس کو دھیان سے پڑھئے اور سوالوں کے جواب دیجئے۔

" کچھ دنوں کے بعد شیوداس بھی مرگیا۔اور ہردلاری کے دو بچے ہوئے وہ بھی زیادہ تر بچوں کی پرورش وپرواخت میں رہنے لگی۔کھیتی کا کام مزدورں پر آپڑا۔ متھرا مزدور تو اچھا تھا مگر منتظم اچّھا نہ تھا۔اسے آزادانہ طور پر کام لینے کا موقع نہ ملا تھا۔خود پہلے بھائی کی نگرانی میں کام کرتا رہا بعد کو باپ کی نگرانی میں کرنے لگا"۔

KARWAN E ADAB

81۔کون سا کردار اچھا منتظم نہ تھا؟

(۱)شیوداس (۲)رام دلاری (۳)متھرا (۴)سونا

82۔ہردلاری کے کتنے بچے تھے؟

(۱)ایک (۲)دو (۳)تین (۴)چار

83۔یہ پیراگراف کس کا تخلیق کردہ ہے؟

(۱)کرشن چندر (۲)بیدی (۳)پریم چند (۴)خواجہ احمد عباس

84۔یہ پیراگراف کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(۱)روشنی (۲)بدنصیب ماں (۳)سوانگ (۴)مالکن

85۔باپ کی نگرانی میں کون کام کرنے لگا؟

(۱)شیوداس (۲)رام دلاری (۳)متھرا (۴)سونا

86-90۔مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے بڑھیں اور درست جواب کی نشاندہی کریں:

| | | |
|---|---|---|
| کعبہ سے وہ سفر، وہ محبوں کا اضطراب | | وہ سخت منزلیں، وہ کٹھن جادۂ صواب |
| وہ قاصدوں کا قتل، وہ کوفے کا انقلاب | | وہ انتشار فوج، وہ فہمائشِ جناب |

| |
|---|
| وہ حکم دوستوں کو امامِ غریب کا |
| انصار کا وہ جوش وہ خطبہ حبیب کا |

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

| | | |
|---|---|---|
| تقسیم آب و لشکرِ حُرؓ خوش اعتقاد | | ریتی پہ نصب خیمہ و رفع شر و فساد |
| پہرے فرات پر بہ رضائے بنِ زیاد | | اک مشک آب کے لیے عباسؓ کا جہاد |

| |
|---|
| درسِ وفا مکالمہ ہر ایک عون کا |
| نعرے وہ اُمِّ وہب کے فقرہ وہ جون کا |

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

| | | |
|---|---|---|
| بچوں کی پیاس سعی وہ اصحاب خیر کی | | بہتی ہوئی وہ خاک پہ محنت بریر کی |
| جُرأت وہ سعد کی وہ سعادت عمیر کی | | طاعت وہ ظہر کی وہ اطاعت زہیر کی |

| |
|---|
| وہ رنج دوستوں کا امام غریب کو |
| وہ ابن عوسجہ کی وصیّت حبیب کو |

86۔اس بند میں 'امام غریب' سے کون مراد لیا گیا ہے؟

(۱)حضرت امام حسنؓ (۲)حضرت محمد ﷺ (۳)حضرت امام حسینؓ (۳)حضرت زین العابدینؓ

87۔اس بند کے مطابق نہر فرات پر کس کا پہرا تھا؟

(۱)حضرت عباسؓ (۲)حضرت حرؓ (۳)ابن زیاد (۳)شمر

KARWAN E ADAB

88۔اس بند کے مطابق 'اک مشک آب کے لیے کس نے جہاد کیا؟

(۱)حضرت امام حسنؓ (۲)حضرت حسینؓ (۳)حضرت امام حرؓ (۳)حضرت عباس

89۔اس بند میں لفظ 'آصحاب خیر' سے کون مراد ہیں؟

(۱)امام حسین کے جانثار (۲)یزید کی فوج (۳)امام حسنؓ (۳)شمر

90۔یہ بند کس شاعر کے مرثیہ سے ماخوذ ہے؟

(۱)میر انیس (۲)جمیل مظہری (۳)مرزا دبیر (۳)میر ضمیر

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

This Test Presented by Karwan-E-Adab

91۔جائے وفات کے اعتبار سے درست زمرہ تلاش کریں:

(الف)محمد حسین آزاد: دہلی (ب)نصیرالدین ہاشمی: حیدر آباد

(ج)شوکت سبزواری: کراچی (د)سید سلیمان ندوی: بہار

(۱)الف اور ج (۲)ج اور د (۳)ب اور ج (۴)ب اور د

92۔مغربی ہندی کے تعلق سے درست زمرہ تلاش کریں:

(الف)اُو۔کو ترجیح دینے والی : برج بھاشا، کھڑی بولی

(ب)اَ۔کو ترجیح دینے والی : کھڑی بولی، ہریانی

(ج)اَ۔کو ترجیح دینے والی : برج بھاشا، ہریانی

(د)اُو۔کو ترجیح دینے والی : بندیلی، قنوجی

(۱)الف اور د (۲)ب اور د (۳)الف اور ج (۴)ج اور د

93۔بندشی آوازوں کا زمرہ تلاش کریں:

(الف)چ، ح، ض، دھ (ب)ک، کھ، ن، م

(ج)پ، بھ، د، ٹ، ج (د)ک، کھ، گ، گھ

(۱)الف اور ب (۲)ب اور ج (۳)الف اور د (۴)ج اور د

94۔صحیح جوڑ ملائیں:

This Test Presented by Karwan-E-Adab

(الف)شورسینی (i)مغربی پنجاب

(ب)مراٹھی (ii)ضلع فرخ آباد

(ج)لہندا (iii)متھرا

(د)قنوجی (iv)مہاراشٹرا

(۱) د i ، ج ii، ب iii، الف iv (۲) د ii ، ج i ، ب iv ، الف iii

(۳) د iv ، ج iii ، ب i ، الف ii (۴) د iii ، ج i ، ب ii ، الف iv

KARWAN E ADAB

95۔درج ذیل میں دو زمرہ صحیح ہیں:

(الف) کدم راؤ پدم راؤ، پھول بن، سب رس

This Test Presented by Karwan-E-Adab

(ب)باغ و بہار، باب الجنت، قطب مشتری

(ج) بکٹ کہانی، سحر البیان، زہر عشق

(د)گلزار نسیم، کدم راؤ پدم راؤ، قطب مشتری

(۱) الف اور ب (۲) ب اور ج (۳) ج اور د (۴) الف اور د

96۔ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں وہ بیاباں وہ سحر　　دم بدم جھومتے تھے وجد کے عالم میں شجر
اوس نے فرش زمرد پہ بچھائے تھے گہر　　لوٹی جاتی تھی لہکتے ہوئے سبزے پہ نظر
دشت سے جھوم کے جب بادصبا آئی تھی
صاف غنچوں کے چٹکنے کی صدا آتی تھی

یہ بند کس کے مرثیے سے لیا گیا ہے؟

(۱)میرانیس　(۲)مرزادبیر　(۳)مرزاغالب　(۴)جمیل مظہری

97۔درج ذیل شعراء کی جائے ولادت کا درست زمرہ ملائیں:

This Test Presented by Karwan-E-Adab

| | |
|---|---|
| (الف) مجروح | (i) بدایوں |
| (ب) کلیم عاجز | (ii) نالندہ |
| (ج) شہریار | (iii) اعظم گڑھ |
| (د) عرفان صدیقی | (iv) بریلی |

(۱) د i ،ج iii ،ب iii ،الف iv　(۲) د i ،ج iv ،ب ii ،الف iii

(۳) د iii ،ج iv ،ب i ،الف ii　(۴) د iii ،ج ii ،ب iv ،الف i

98۔ان میں دو زمرے جائے وفات کے اعتبار سے درست ہیں:

This Test Presented by Karwan-E-Adab

(الف) جگر۔مرادآباد : شہریار۔دہلی

(ب) مجروح۔ممبئی : جگر۔گونڈہ

(ج) شہریار۔علی گڑھ : اصغر۔الہٰ آباد

(د) اصغر۔گورکھپور : مجروح۔اعظم گڑھ

(۱) الف اور ب　(۲) ب اور ج　(۳) ج اور د　(۴) الف اور د

KARWAN E ADAB

99۔سید احتشام حسین کی تصنیفات کا زمرہ تلاش کریں؟

(۱)تنقیدی افکار،تحریریں،عروض آہنگ

(۲)ادب اور نظریہ، پرکھ اور پہچان،نظر اور نظریہ

(۳)ادب اور سماج،عملی تنقید،ادبی تنقید کے اصول

(۴)تنقید اور عملی تنقید،تنقیدی نظریات،اعتبار نظر

This Test Presented by Karwan-E-Adab

100۔آب حیات سے متعلق دو زمرے صحیح ہیں:

(الف) پہلا دور: میر تقی میر، میر درد

(ب) دوسرا دور: شاہ حاتم، اشرف علی خاں

(ج) تیسرا دور: ناسخ، یک رنگ

(د) چوتھا دور: میر حسن، مصحفی

(۱)الف اور ب　　(۲)ب اور د　　(۳)الف اور ج　　(۴)ج اور د

This Test Presented by Karwan-E-Adab

Official Website:- www.adabikavish.com

(Net/Jrf Urdu Model Paper-Set-02) 18-02-2023

## This Test Official Answer Key

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-4 | 2-1 | 3-4 | 4-3 | 5-1 | 6-4 |
| 7-2 | 8-2 | 9-4 | 10-3 | 11-2 | 12-4 |
| 13-4 | 14-1 | 15-2 | 16-2 | 17-3 | 18-1 |
| 19-3 | 20-2 | 21-4 | 22-2 | 23-2 | 24-1 |
| 25-1 | 26-4 | 27-2 | 28-3 | 29-3 | 30-2 |
| 31-4 | 32-3 | 33-2 | 34-1 | 35-4 | 36-1 |
| 37-3 | 38۔د | 39-1 | 40-3 | 41-2 | 42-3 |
| 43-4 | 44-2 | 45-1 | 46-2 | 47-3 | 48-2 |
| 49-4 | 50-2 | 51-3 | 52-4 | 53-2 | 54-1 |
| 55-2 | 56-4 | 57-2 | 58-3 | 59-1 | 60-3 |
| 61-1 | 62-2 | 63-3 | 64-2 | 65-2 | 66-2 |
| 67-3 | 68-4 | 69-4 | 70-3 | 71-3 | 72-2 |
| 73-4 | 74-1 | 75-1 | 76-3 | 77-2 | 78-3 |
| 79-4 | 80-2 | 81-3 | 82-2 | 83-3 | 84-4 |
| 85-3 | 86-3 | 87-3 | 88-4 | 89-1 | 90-2 |
| 91-3 | 92-2 | 93-4 | 94-2 | 95-3 | 96-1 |
| 97-2 | 98-2 | 99-4 | 100-2 | | |

KARWAN E ADAB

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

www.adabikavish.com

KARWAN E ADAB